Thames View Infants
اکیڈمی پراسپیکٹس

تمام عملہ اور گورنرز کی جانب سے ہماری ایوارڈ-یافتہ، کثیر الثقافت اکیڈمی میں خوش آمدید

میرا یقین ہے کہ بچوں کے پاس اسکول میں کامیابی کا صرف ایک ہی موقع ہوتا ہے اور TVI کے صدر مدرس کے طور پر پچھلے 8 سال سے میں اپنی تمام صلاحیتیں اس کو درست کرنے: ہمارے بچوں اور ان کے گھر والوں کو - زندگی گزارنے کے لیے بہترین آغاز مہیا کرنے اور بچوں کو ممکنہ حد تک بہترین تعلیم دیئے جانے، کو یقینی بنانے میں صرف کر رہا ہوں۔

ہم اپنے اس مقصد میں ناقابلِ یقین حد تک کامیاب ہوئے ہیں: تھیمز ویو انفینٹس (Thames View Infants) کا نتیجہ قومی سطح پر چوٹی کے 20 فیصد اسکول نتائج میں شمار ہوتا ہے اور کچھ سالوں سے ہمیں بارکنگ اور ڈیگنہیم میں بچوں کا سب سے زیادہ کامیابیاں سمیٹنے والا اسکول قرار دیا جا رہا ہے، بلکہ ہماری کارکردگی لندن کے بیشتر اسکولوں سے بھی بہتر رہی ہے۔ DfE نے بھی ہمیں باضابطہ طور پر تعلیم اور خصوصی معاونت اسکول (Education and Specialist Support School) میں قومی رہنما قرار دیا ہے۔

Ofsted نے ہمیں دو مرتبہ "بے مثال (Outstanding)" کے درجے سے نوازا ہے (2009 اور 2014 میں)۔ ہمیں یقین ہے کہ ہم اس معیار کو برقرار رکھیں گے۔

میں اور میرا عملہ پرعزم ہے کہ ہم آپ اور آپ کے گھر والوں کے لیے ایسا کر کے دکھائیں گے۔ براہ مہربانی یقین رکھیں، ہم آپ کے بچے کو ممکنہ حد تک بہترین تعلیمی تجربہ اور آپ کو مثالی صارف خدمت اور خاندانی معاونت فراہم کرنے کے لیے اپنی بہترین کاوشیں بروئے کار لائیں گے۔

آپ کیلئے ضروری اور مفید معلومات کا ایک خلاصہ منسلک ہے۔

آپ کی قابلِ قدر اعانت اور بچوں کی محتاط نگہداشت کے سہارے، جب آپ کا بچہ ہمارے اسکول سے نہایت غیرمعمول صلاحیتوں کے ساتھ اپنی تعلیم کے اگلے مرحلہ میں داخل ہو گا۔ ایک بہترین برطانوی شہری - جوپُر جوش، پُر اعتماد، مستقبل کا رہنما، دوسروں کے دُکھ درد کا ساتھی، بہترین مقرر، معقول ذی الروح، بردبار، اور لکھنے پڑھنے اور حساب کتاب میں ماہر ہو گا۔

پال جارڈن (Paul Jordan)،
صدر مدرس

ہمارا نظریہ



تھیمز ویو انفینٹس (Thames View Infants) میں، ہم ایک خیال رکھنے والا، دلچسپ اور معاون کمیونٹی اسکول فراہم کرنے کیلئے اپنی بہترین کوششیں کرتے ہیں، جس میں ہر بچہ اور اس کا خاندان واقعتاً نہایت اہمیت کے حامل ہیں۔

ہم ایک ایسا تعلیمی ماحول پیش کرتے ہیں، جس میں ہر ایک، خواہ اس کی ابتداء کہیں سے ہوئی ہو، اپنی تمام تر صلاحیتوں کیلئے جلا پاتا ہے۔

ہم بچوں کو اپنے کثیر الثقافت اسکول سماج میں اپنے ہم جماعت ساتھیوں اور بڑوں کا احترام کرنا، انہیں تسلیم کرنا اور ان کی قدر کرنا اور اسکول سے باہر کی زندگی میں بھی مثالی شخصی نمونہ بننا سکھاتے ہیں۔

Thames View Infants: a company limited by guarantee Registered in England: Company Number: 08163191 Registered Office: Thames View Infants, Bastable Avenue, Barking, Essex IG11 0LG



ہم چاہتے ہیں کہ بچے اسکول میں اپنے وقت سے لطف اندوز ہوں اور ہم نے اس کیلئے ایک ایسا محفوظ اور باسہولت ماحول تخلیق کیا ہے جس میں بچوں کی خود مختاری، اعتماد اور اپنے بارے میں فیصلے کرنے کی صلاحیت کو فروغ دے کر، انہیں خیال رکھے جانے، اور اپنی قدر کیے جانے کا احساس دلایا جاتا ہے

ہمارا مقصد ہے کہ ہم اپنی اسکول کے سماج کو خیرمقدمی اور دوستانہ بنائیں اور یہ محسوس کرتے ہیں کہ بچوں کو مدد اور اعانت فراہم کرنے کیلئے ضروری ہے کہ والدین اور استاد دونوں ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کریں۔

extended schools

چونکہ ہم اپنے خاندانوں کو اپنے ساتھ گزرنے والے وقت کا زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے میں مدد کرنا چاہتے ہیں، لہذا ہم ایسی مختلف خدمات بھی فراہم کرتے ہیں جو اسکول اور اسکولی ایام کے ذریعہ فراہم کی جانے والی خدمات کو توسیع فراہم کرتی ہیں۔

مزید برآں، ہم اپنے آس پاس کے سبھی اہم پیشہ ور افراد کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں اور ہمیں اپنے بہتر تعلقات پر فخر کرتے ہیں۔ اس میں **تھیمز ویو جونیئر اسکول (Thames View Junior School)**، سیو بریملی چلڈرنز سنٹر (The Sue Bramley Children's Centre)، چیسٹ نٹ نرسری (The Chestnuts Nursery)، تھیمز ویو میڈیکل سنٹر (The Thames View Medical Centre)، کرائسٹ چرچ نرسری (Christchurch Nursery)، سوشل سروسز، قریبی اسکولز اور بارکنگ اور ڈیگنہیم کی لندن بارو کے اندر تعلیمی اور امدادی خدمات شامل ہیں۔

ہم ساتھ مل کر کنبوں کیلئے ایک انتہائی مؤثر امدادی نیٹ ورک اور مکمل "ہم آہنگ" انتظام پیش کرتے ہیں۔

اسکول کے اوقات

نرسری	3-4 سال	صبح 8:45 سے 11:45 بجے دن اور دوپہر 12:30 سے 3:30 بجے تک
ابتدائی سال	4-5 سال	صبح 8:55 سے 11:45 بجے دن اور دوپہر 1:00 سے 3:15 بجے تک
سال1 اور سال 2	5-6 سال 6-7 سال	صبح 8:55 سے 12:15 بجے دن اور دوپہر 1:15 سے 3:15 بجے تک

براہ کرم یقینی بنانے کی کوشش کریں کہ آپ کا بچہ وقت پر آتا ہے۔ ہر کلاس کے دن کا آغاز خواندگی یا ریاضی کی سرگرمیوں سے ہوتا ہے اوراگر آپ کا بچہ دیر سے آتا ہے تو اس کی پڑھائی کا اہم حصہ رہ جائے گا۔

اسکول کے آغاز سے 5 منٹ پہلے پہنچنے کا ہدف رکھیں، تا کہ خاص کر سردی اور بارش کے دنوں میں، آپ کو یہاں زیادہ انتظار نہیں کرنا پڑے گا ۔

TVIacademy.org
Thames View Infants: a company limited by guarantee Registered in England: Company Number: 08163191 Registered Office: Thames View Infants, Bastable Avenue, Barking, Essex IG11 0LG

ہم KS1 کے اندر بچوں کے نوکری پیشہ والدین کیلئے بریک فاسٹ کلب چلاتے ہیں جو صبح 8:00 پر شروع ہوتا ہے اور اس میں 8:20 تک شرکت کی جا سکتی ہے۔ اسکول کا عملہ بچوں کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ اس کیلئے معمولی فیس ادا کرنا پڑتی ہے۔ ایک جلد آغاز سب بچوں کے لیے موزوں نہیں ہوتا، اس لیے اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ بریک فاسٹ کلب میں شرکت کرے تو براہ مہربانی اسکول تشریف لائیں اور میری نائب ہیڈ کلیئر اسمتھ (Claire Smith) سے بات کیجئے۔

اگر آپ کو دیر ہوجاتی ہے، تو براہ کرم بچے کو گھر پر ہی نہ روکے رکھیں۔ ہم کسی بچے کی غیر حاضری پر اس کے تاخیر سے آنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ آپ کے اسکول پہنچنے پر آپ کو یہ یقینی بنانے کیئے اسکول کے عملے سے ملاقات کرنا ہوگی کہ آپ کے بچے کی حاضری درج کر لی جاتی ہے اور دوپہر کے کھانے کا آرڈر دے دیا جاتا ہے۔

اسکول کے منصوبہ جات

extended schools

ایک 'توسیعی اسکول' کے طور پر، ہم طلباء کیلئے شام کی سرگرمیوں سے متعلق مختلف طرح کے کلبز پیش کرتے ہیں جن میں بچے مفت شرکت کر سکتے ہیں۔ ان میں فٹبال کی تربیت، رقص اور کمپیوٹر چلانا شامل ہیں۔ جلدی آغاز کی طرح، توسیع شدہ دن بھی تمام بچوں کیلئے موزوں نہیں ہوتا ہے لیکن ہم کلبز کے ضمن میں، ہر شخص کی ترجیحات و خواہشات کا خیال رکھنے کی کوشش ضرور کرتے ہیں۔

ہمارے پاس پیرنٹ سپورٹ ایڈوائزر (والدین کی معاونت کیلئے مشیر) بھی ہیں، جو والدین کے لیے ہر قسم کے گروپس چلاتے ہیں، اور وہ کنبوں کو درپیش روزمرّہ کے متعدد مسائل میں مدد پیش کر سکتے ہیں۔ یہاں آ کر اپنی پریشانیوں کا اشتراک کریں، قبل اس کے کہ وہ بڑے مسائل کا روپ دھار لیں۔

سال 2 کے بچے ادھار iPad لے سکتے ہیں یا ہماری رضاکارانہ 'خریدو- واپس کرو' اسکیم میں شرکت کر سکتے ہیں۔ ہمارے ہاں ICT سے متعلق بہت سی سہولیات دستیاب ہیں اور ہم اس کے باعث متعدد قومی ایوارڈز جیت چکے ہیں۔ بچے پورے اسکول میں باقاعدگی سے لیپ ٹاپ، iPad، Android، Wiis/Xboxes اور زیادہ روایتی ٹیکنالوجی استعمال کرتے ہیں۔



ہمارے تکنیکی مینجر آپ کے اپنے گھر کے کمپیوٹر سے متعلق تمام سوالات کا جواب دیں گے۔ یہاں تشریف لا کر ان سے بات کریں اور وہ آپ سے ممکنہ حد تک بہتر تعاون کریں گے اور عملی مدد فراہم کریں گے۔

ہم "والدین بطور شراکت دار" کے فلسفے کے قائل ہیں اور گھر اور اسکول کے درمیان خوشگوار رابطے کی اہمیت کو ناگزیر سمجھتے ہیں۔ ہم سے رابطے میں رہنے یا یہ جاننے کے لیے کہ پسِ پردہ کیا ہو رہا ہے کئی طریقے ہیں:

پہلے کام یہ کیجئے کہ ہماری **ایپ** ڈاؤن لوڈ کریں۔ یہ آپ کو درج ذیل سہولیات فراہم کرے گی:

Available on the iPhone App Store

ANDROID APP ON Google play

- ☑ ہمیں آپ کے خیالات سے آگاہ کرنا
- ☑ ہمارا بلاگ پڑھنا
- ☑ تاریخیں اور تقاریب/واقعات دیکھنا
- ☑ اسکول کی ویب سائٹ ملاحظہ کرنا
- ☑ کاروباری اوقات کے علاوہ ہم سے رابطہ کرنا
- ☑ ہمارے ای نیوز لیٹر کی میلنگ فہرست کے لیے سائن اپ کرنا (اور نتیجتًا کبھی کسی اہم خط کو موصول کرنے سے محروم نہ رہنا)

میں اور میرا عملہ روزانہ ٹویٹ کرتے ہیں: معلوم کرنے کیلئے کہ اسکول میں کیا ہو رہا ہے، یہ تیز ترین اور بہترین طریقہ ہے۔ ہماری ٹوئٹر فیڈز کی رکنیت حاصل کریں اور مزید بہت کچھ پائیں:

follow us on twitter

@TVInfants (پال جارڈن (Paul Jordan)، صدر مدرس)
@ClaireTVI (کلیئر اسمتھ (Claire Smith)، نائب صدر مدرس)
@Khaled_a_Ali (خالد علی (Khaled Ali)، EYFS کا سربراہ)
@TVI_MissCJones (روزا کورکورن-جونز (Rosa Corcoran-Jones)، اسسٹنٹ صدر مدرس)
@FiBashirTVI (فائی بشیر (Fi Bashir)، چائلڈ اینڈ فیملی پروفیشنل)
@TVI_ICTSupport (سِمون مورڈیسائی (Simon Mordecai)، ICT مینجر)

YouTube Broadcast Yourself

ہمارا "YouTube" چینل دیکھیں... **Thames View Infants TV (TVI TV)**۔

یہ اساتذہ کی پوڈ کاسٹ کی 250 سے زیادہ ویڈیوز اوت سیکھنے کیلئے ہماری اعلٰی تجاویز پر مشتمل ہے!



بہترین بات یہ ہے کہ ہمیشہ ہمارے اساتذہ کے ساتھ 'روبرو' ملاقات کریں، خاص طور پر جب تعلیم کے بارے میں بات کرنی ہو۔ البتہ، ہم اس بات کو سمجھتے ہیں کہ والدین کی زندگی کافی مصروف ہو سکتی ہے اور کبھی کبھار بات کرنے کیلئے وقت نکالنا مشکل ہوجاتا ہے۔ اگر آپ یا آپ کے بچے کا ہوم ورک کے بارے میں کوئی سوال ہو یا گھر پر پڑھنے کے سلسلے میں مدد کی ضرورت ہو، تو، آپ درج ذیل پتے پر ای میل بھیج سکتے ہیں:

HomeworkHelp.TVI@bdcs.org.uk

ہمارے اساتذہ آپ کے سوال کا جواب دینے کی کوشش کریں گے، یا آپ کی مزید رہنمائی کی خاطر کسی مناسب وقت کیلئے ملاقات طے کریں گے۔

ہماری اکیڈمی میں یونیفارم کی پابندی لازمی ہے۔ اسکول یونیفارم پہننا اسکول سے وابستگی کا احساس دلاتا ہے اور کام کرنے کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے میں مدد کرتا ہے۔ بچے اسکول پولو شرٹ پہنتے ہیں جو اسکول کے آفس سے 6 مختلف شاندار رنگوں میں دستیاب ہے – بالکل سفید، ہلکی سبز، چمکدار پیلا، تیز ارغوانی، رس بھری جیسا رنگ اور خوشگوار فیروزیز۔ بچے کسی بھی دن ان میں سے کوئی سا بھی رنگ پہن سکتے ہیں لیکن انہیں اسکول پولو شرٹ ہی پہننا ہوگی۔ ہم معذرت خواہ ہیں کہ بچیوں کو اسکول میں جیولری پہننے کی اجازت نہیں ہے۔

یہ بچوں کی صحت کے منافی ہوگا کہ انہیں گرم موسم میں ضرورت سے زیادہ کپڑے پہنا کر اسکول بھیجا جائے۔ بچے اسکول میں بہت فعال ہوتے ہیں اور کپڑوں کی ضرورت سے زیادہ تہیں (بنیانیں، چرمی موزے، شرٹیں اور سویٹر) چڑھا دینے سے ان کا جسمانی درجہ حرارت نارمل سے بڑھ سکتا ہے۔ چونکہ بچے گرمی کی شدت کم کرنے کیلئے اضافی کپڑوں کو اتار پھینکتے ہیں اس لیے کپڑوں کے گُم ہونے کے امکانات بھی بڑھ جاتے ہیں۔ براہ مہربانی اپنے بچوں کو موسم کی مناسبت سے کپڑے پہنائیں۔ جبکہ اسکول میں تندرست رہنے میں ہم ان کی مدد کریں گے (جیسے انہیں حد سے زیادہ گرمی یا سردی کی صورت میں کپڑے اتارنے اور دوبارہ پہننے کی اجازت دے کر)۔

حاضری

یہ قانونی تقاضا ہے کہ بچے کو پابندی کے ساتھ اسکول جانا چاہئیے، اور ان کے والدین یا نگرانوں کو یہ بات یقینی بنانا چاہیے۔ بیماری کے سبب ہونے والی غیر حاضری کے علاوہ، کسی بھی دیگر غیر حاضری کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔

تمام خاندانی تعطیلات مشتہر اسکول تعطیلات کے دوران لینی چاہئیں۔
اسکول ٹرم کے دوران کسی خاندانی تعطیلات کی اجازت نہیں دے گا۔ وہ والدین جو بنا اجازت چھٹی لیں گے یا اسکول واپسی کی مقررہ تاریخ سے زیادہ چھٹی کریں گے انہیں درج ذیل مشکلات کا سامنا ہو سکتا ہے:

Thames View Infants: a company limited by guarantee Registered in England: Company Number: 08163191 Registered Office: Thames View Infants, Bastable Avenue, Barking, Essex IG11 0LG

- ایک مقررہ جرمانہ کا نوٹس (جُرمانہ) فی بالغ اور فی بچہ (چاہے دوسرے بچے کسی اور اسکول میں پڑھتے ہوں)۔
- اسکول میں بچے کا داخلہ منسوخ ہو جانا۔
- اسکول میں دوبارہ داخلہ کیلئے مقامی حکام کے پاس دوبارہ اندراج کروانا۔
- بورو کے حاضری دفتر کو خاندانی تفصیلات مہیا کرنا۔

لیکن، اگر آپ کا بچہ اسکول نہیں آنا چاہتا ہے تو ہمیں بتائیں۔ ہو سکتا ہے اس کی کوئی وجہ ہو اور ہم اس مسئلے کو حل کرنے کیلئے ساتھ مل کر کام کریں گے۔

اسکول میں بچوں کی کامیابی کیلئے باقاعدہ حاضری اور وقت کی پابندی بہت ضروری ہے۔

اگر میرا بچہ بیمار ہو تو مجھے کیا کرنا چاہیے

اگر آپ کا بچہ واقعتاً بہت بیمار ہے تو اسے گھر پر رکھنے اور صحت یابی کیلئے آرام کرنے کی ضرورت ہے۔

اگر ایسا معاملہ ہوتا ہے تو ہم آپ سے درخواست کریں گے کہ اس کی غیر حاضری کے ہر دن صبح 10 بجے اسکول کے دفتر کو (020 8270 4317) پر فون کر کے یا (07943 922 655) پر پیغام بھیج کر اس کی طبیعت کے بارے میں بتائیں۔ ہم بیماری کے معاملے میں سرکاری احکامات پر عمل کرتے ہیں اور آپ کو مشورہ بھی فراہم کریں گے۔

ہم انتہائی خیال رکھنے والا اور معاون ماحول فراہم کرتے ہیں، اور آپ کے بچے کو متعدد طریقوں سے جلدی اسکول واپس آنے میں مدد کرسکتے ہیں:

- آپ کے بچے کو تجویز کردہ ادویات دینا (اگر آپ دفتر میں موجود ایک مخصوص فارم پُر کرتے ہیں)۔

- بحالی صحت کے دوران آپ کے بچے کا 'خصوصی خیال' رکھنا اور آپ کو 'اس کی کیفیت' سے آگاہ کرنا۔
- قریبی تھیمز ویو میڈیکل سنٹر (Thames View Medical Centre) میں جی پی سے بات کرنا۔

- کھانے کے وقت انہیں متبادل غذائیں پیش کرنا (خصوصی انتظام کے ذریعہ)۔



- اگر آپ کا بچہ اسکول سے مانوس نہ ہو رہا ہو یا اگر آپ کو اسے روزانہ اسکول پہنچانے میں دشواری ہو رہی ہو تو اسے حل کرنے کیلئے آپ اور آپ کے بچے کے ساتھ کام کرنا۔
- رہ جانیوالے کاموں کو پورا کرنے میں ان کی مدد کرنا۔

TVIacademy.org
Thames View Infants: a company limited by guarantee Registered in England: Company Number: 08163191 Registered Office: Thames View Infants, Bastable Avenue, Barking, Essex IG11 0LG

اچھی حاضری" کیا ہے؟"

چونکہ بچے کا پابندی سے اسکول نہ آنا اس کی تعلیم کیلئے کافی نقصان دہ ہو سکتا ہے، لہٰذا **حکومت نے تمام اسکولوں کیلئے اسکول میں حاضری کا ایک قومی ہدف متعین کیا ہے، جو تمام سیشن میں طلباء کی حاضری %95 ہونے کا ہے۔**

اس کا مطلب ہے کہ، سال بھر میں بچے *اوسطاً* فی ماہ 1 اسکولی دن (یا ہر پندرہ دن میں آدھا دن) اسکول کا ناغہ کر سکتے ہیں۔ ہم اس لحاظ سے بہت خوش قسمت ہیں کیونکہ ہمارے اسکول میں بچے شاذ و نادر ہی غیر حاضر ہوتے ہیں۔

تھیمز ویو انفینٹس (Thames View Infants) میں بہت سے ایسے بچے ہیں جو روزانہ اسکول آتے ہیں اور ان کی حاضری %100 ہے۔

ہر تعلیمی دورانیے میں ہم %100 حاضری حاصل کرنے والے کنبوں کو ایک خصوصی اور انتہائی مقبول " اسمبلی" پیش کرتے ہیں۔



اسی طرح ہم ایسے بچے کو انعام میں بائیک دیتے ہیں جس نے سال کے دوران اس تاریخ تک اپنی حاضری میں قابل قدر اصلاح کی ہو۔

مجھے کیسے معلوم ہوگا کہ میرے بچے کی حاضری کتنی ہے

ہم اپنے کنبوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں اور ایک اسکول کے طور پر ہم لگاتار حاضری پر نگاہ رکھتے ہیں۔ اگر آپ کے بچے کی حاضری میں کمی آتی ہے تو اکثر آپ کو اس کی اطلاع دی جائے گی کیونکہ کسی نہ کسی مرحلے پر ہم اس موضوع پر آپ سے گفتگو ضرور کریں گے۔

معمول کے مطابق، ہم ہر پندرہ دن پر، باقاعدگی کے ساتھ اپنے تمام بچوں کی حاضری کا جائزہ لیتے ہیں۔ ہر تعلیمی دورانیے میں اگر کسی بچے کی حاضری تشویش کے درج ذیل معیارات سے کم پائی جاتی ہے تو، ہم ان والدین کو خط لکھتے ہیں:

- ☑ %100 (کوئی غیر حاضری نہیں)
- ☑ %97 (فی مہینہ تقریباً آدھا دن کی غیر حاضری)

- ✘ %95 سے کم (ہر پندرہ دن میں نصف دن کی غیر حاضری)
- ✘ %90 سے کم (فی ہفتہ نصف دن)
- ✘ %85 سے کم (کم از کم ایک دن فی ہفتہ)
- ✘ %75 سے کم (فی ہفتہ لگ بھگ ڈیڑھ دن)

اگرچہ'%90' حاضری کافی زیادہ محسوس ہوتی ہے تاہم بقیہ %10 کی غیر حاضریاں بچے کے تعلیمی کریئر میں اسکول کا پورا تعلیمی سال چھوٹنے کے برابر ہو سکتی ہیں۔ خط کے ذریعہ آپ کو اس سے آگاہ کر کے ہم آپ کے بچے کی حاضری کو بہتر بنانے اور بطور متعلم اسے کامیاب بنانے میں مدد کرسکتے ہیں۔

Thames View Infants: a company limited by guarantee   Registered in England: Company Number: 08163191   Registered Office: Thames View Infants, Bastable Avenue, Barking, Essex IG11 0LG

کم حاضری کے کیا اثرات ہوتے ہیں؟

روزانہ پابندی سے اسکول نہ جانا آپ کے بچے کی تعلیم کیلئے انتہائی نقصان دہ ہوسکتا ہے۔ اعداو شمار کے حساب سے 90% سے زیادہ حاضری والے بچوں کو امتحان میں زیادہ بہتر گریڈز ملتے ہیں اور بعد کی زندگی میں ان کے بہتر ملازمت حاصل کرنے کے امکانات زیادہ ہوجاتے ہیں۔

کم حاضری والے بچوں کو اسکولی زندگی سے ہم آہنگ ہونے میں دشواری محسوس ہوتی ہے اور اکثر انہیں دوستی قائم کرنے میں بھی دشواری ہوتی ہے۔

اگر بچے لگاتار غیر حاضر رہتے ہیں تو رفتہ رفتہ انہیں اپنے رہ جانیوالے کاموں کی 'تلافی' کرنے میں دشواری محسوس ہونے لگتی ہے۔

ایسے بچوں کو اکثر سب سے زیادہ خطرے کی زد میں مانا جاتا ہے جو پابندی سے اسکول نہیں آتے ہیں۔

یہ اکیڈمی ٹرسٹ لندن بارو آف بارکنگ اور ڈیگنہیم کی مقامی انتظامیہ کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے، جو ایسے کنبوں کے خلاف قانونی کارروائی کرے گی جو اپنے بچے کو پابندی سے اسکول بھیجنے میں ناکام رہتے ہیں، کیونکہ یہ ایک جرم ہے۔ والدین/ نگراں پر جرمانہ کیا جاسکتا ہے، یا انہیں عدالت میں گھسیٹا جاسکتا ہے، انہیں پرورش سے متعلق کلاسوں میں شامل ہونا پڑسکتا ہے یہاں تک کہ زیادہ سنگین معاملات میں جیل بھی ہوسکتی ہے۔

ہم نہیں چاہتے کہ تھیمز ویو انفینٹس (Thames View Infants) کے کسی طالبعلم کے کنبے کے ساتھ ایسا ہو۔



ہمارے اسکول میں ایک خیال رکھنے والا اور خوشگوار ماحول ہے، اور چونکہ فہرست انتظار کافی طویل ہوتی ہے لہذا جو خاندان اپنے بچوں کو ہمارےاسکول میں بھیجنا چاہتے ہیں، لیکن جگہ نہ ہونے کے سبب ایسا نہیں کر پاتے ہیں ان کیلئے بھی یہ مناسب نہیں ہے۔

داخلے کے انتظامات

ہمارے یہاں ہر سال کے گروپ کیلئے جگہ کی تعداد مقرر ہے۔

تھیمز ویو انفینٹس (Thames View Infants) لندن بارو آف بارکنگ اور ڈیگنہیم کی طرف سے مقرر کردہ داخلہ کے انتظامات کی پیروی کرتی ہے۔

اگر اسکو ل میں موجود جگہ کی تعداد سے زیادہ درخواستیں موصول نہیں ہوتی ہیں تو، مقامی انتظامیہ ایسے تمام بچوں کو داخلہ دے سکتی ہے جنہیں اس کی ضرورت ہے۔ اگر درخواست دہندگان کی تعداد اسکول میں موجود جگہ سے زیادہ ہوتی ہے تو، مقامی انتظامیہ اس بات کے فیصلے کیلئے داخلے کے معیار کی ضرورت ہوتی ہے کہ کسے داخلہ دیا جا سکتا ہے اور کسے نہیں۔ داخلے کے معیارات حسب ذیل ہیں:

1. "زیر نگہداشت بچے"

2. ایسے بچے جن کے بھائی یا بہن اس اسکول میں یا تھیمز ویو جونیئر (Thames View Junior School) اسکول میں زیر تعلیم ہوں۔

3. ایسے بچے جو اسکول کے قریب ترین علاقے میں رہتے ہیں جس کی پیمائش پیدل چلنے کے نزدیک ترین روٹ کے ذریعے کی جاتی ہے۔

Thames View Infants: a company limited by guarantee Registered in England: Company Number: 08163191 Registered Office: Thames View Infants, Bastable Avenue, Barking, Essex IG11 0LG

جن بچوں کو جگہ فراہم نہیں کی جائے گی ان کا نام کسی خالی جگہ کیلئے فہرست انتظار میں رکھا جائے گا۔

شکایات کا طریق کار

ہم اپنے سب بچوں کو معیاری تعلیم فراہم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ صدر مدرس اور عملہ تمام والدین کے ساتھ مثبت تعلقات استوار کرنے کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔ تاہم، ایک اکیڈمی ہونے کے ناطے تھیمز ویو انفینٹس (Thames View Infants) کے لیے قانوناً شکایات کا طریقِ کار وضع کرنا اور والدین کو مہیا کرنا ضروری ہے۔

والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کو وقتاً فوقتاً اپنے بچوں کی پیش رفت، کامیابی، رویے یا بہبود، یا اسکول سے متعلق دیگر معاملات کے ضمن میں عمومی اور قانونی خدشات لاحق ہوتے ہیں۔ زیادہ تر غلط فہمیاں اکثر غیر ارادی ہوتی ہیں اور ہمارے اساتذہ آپ کی بات سنیں گے اور معاملے کو حل کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔ بیشتر معاملات میں احسن طریقہ یہ ہوتا ہے کہ اپنی پریشانی کا اظہار بچے کے استاد سے براہ راست کیا جائے۔ تاہم، یہ بھی ممکن ہے کہ شکایت کی نوعیت کی بنیاد پر اس کا اظہار صدر مدرس سے براہ راست کرنا ضروری ہو، جو معاملے کی نوعیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اسے رسمی یا غیر رسمی طور پر نمٹائے گا۔

شکایات سے نمٹنے کا طریقِ کار چار مراحل پر مشتمل ہے جن کی مکمل تفصیل یہاں دیکھی جا سکتی ہے: **http://is.gd/l9bK7f**

طرزعمل کی پالیسی اور حفاظت

اپنے بچوں کی حفاظت اور اچھی دیکھ بھال یقینی بنانے کی خاطر ہم مختلف طریقوں سے کرتے اپنی آئینی رہنمائی کی پیروی ہیں۔ کبھی کبھی، یہ ہمارا فرض بن جاتا ہے کہ ہم سوشل سروسز یا مقامی انتظامیہ کی طرف سے تحفظ اطفال کے لیے متعین افسر سے معلومات کا اشتراک کریں اور ان کا مشورہ یا رہنمائی حاصل کریں۔

ہمارے فرائض میں یہ بھی شامل ہے کہ ہم بچوں کو اچھی دیکھ بھال مہیا کریں اور ذمہ داری کے ساتھ اسکول کی حدود کے اندر موزوں اور پیشہ ورانہ انداز اپنائیں۔ ایسا کرنا پیشہ ورانہ ہم آہنگی کا باعث بنتا ہے، جس سے بچے نشونما پاتے اور ترقی کرتے ہیں۔ ہمارے طز عمل کی ایک نقل ہمارے اسکول آفس میں آویزاں ہے۔

ہمیں امید ہے کہ یہ معلومات آپ کیلئے مفید ثابت ہوں گی۔ تاہم، یہ آپ کو صرف ان چند چیزوں کے بارے میں بتاتی ہیں جو ہم اپنے اسکول میں کرتے ہیں – لہذا اگر آپ مزید کوئی معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں، جیسے ہمارے کافی کے دن یا ہمارے ای نیوز لیٹرز کو اپنے ای میل پتے پر حاصل کرنے کا طریقہ، یا صرف حال چال ہی پوچھنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہمارے اسکول آفس میں تشریف لائیے۔

مزید بے شمار معلومات اور ذرائع ہمارے اسکول کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں:

Ofsted Outstanding

TVIacademy.org

Thames View Infants: a company limited by guarantee Registered in England: Company Number: 08163191 Registered Office: Thames View Infants, Bastable Avenue, Barking, Essex IG11 0LG